حسبی الله و نعم الوکیل نعم المولی و نعم النصیر

درین عرصه نمایان آبیاری نشیمن گلشن امکان نسخه

فصل الخطاب لمقدمه اهل الکتاب

از تالیفات حاوی علوم دین مبین مولوی محمد نور الدین مدظله العالی الی یوم الدین

در کوه نور کا المطبع محمد محسن بسعی یعقوب طبع شد

مسئلہ اعتکاف شروع کرنے سی لازم ہوجاتا ہی مگر نزدیک امام محمد کی نہین ہوتا ہی

کتاب الحج

اسلام کی رکنون مین سی ایک رکن حج ہی اور وہ فرض عین ہوجاتا ہی جسوقت اوسکی شرطین
پائی جائین اور جسنے حج کو فرض نجانا وہ کافر ہی اور جو اوسکی شرطین موجود ہونی پر جسنے ترک کیا وہ
فاسق ہی لیکن چونکہ ان ملکونمین اکثر شرطین حجکی موجود نہین اسلئی اوسکی مسائل اس رسالہ مختصر
مین مذکور نہوی اور دوسری وجہہ یہہ ہی کہ ساری عمر مین حج ایک مرتبہ واجب ہوتا ہی نہ بار بار پس حاجت
کیوقت اوسکی مسائل سیکہنا ہوسکتا ہی واللہ اعلم ف مصنف رحمۃ اللہ علیہ نی اگرچہ مسائل حج کی ذکر
نہین کئی پر یہہ عاجز بطور اختصار کی کچہہ بیان کرتا ہی مسئلہ شرطین حج کی یہہ ہین کہ حج کرنیوالا
آزاد اور عاقل اور بالغ اور مسلمان ہو اور بیمار اور اندہا اور اپاہج نہو اور سواری
اور راہ کی خرچ پر قادر ہو اور اہل و عیال کی نفقہ پہر آنی تک کی دے سکتا ہو اور راہ مین امن بیشتر
ہو یعنی اکثر لوگ اوس راہ سی حج کر آتی ہون گو بعض وقت بعض لوگ اتفاقا ہلاک ہون اوسکا اعتبار
نہین اور عورت کی لئی اوسکی شوہر یا محرم عاقل نیک بخت ساتہہ ہو مسئلہ فرض حجکی تین ہین ایک تو
احرام باندہنا دوسرا عرفات مین کہڑا ہونا اور تیسرا طواف الزیارۃ کرنا کہ اوسکو طواف الافاضہ اور
طواف الرکن بہی کہتی ہین مسئلہ واجب حجکی پانچ ہین ایک مزدلفہ مین راتکو ٹہرنا دوسرا جمرون پر
کنکریان مارنا تیسرا صفا مروہ مین دوڑنا چوتہا بال منڈانا یا کترانا پانچوان طواف الصدر کرنا یعنی
پہرتی وقت طواف رخصت کا کرنا کہ اوسکو طواف الوداع بہی کہتی ہین انکی سوا سنتین اور مستحبات
ہین مسئلہ جانو کہ احرام باندہنی کی بعد حرام ہی وطی کرنا اور جہگڑا اور لڑائی کرنا اور جہوٹہہ بولنا اور
غیبت اور تہمت اور برائی کرنا اور گالی دینا اور فحش بکنا اور شکار دریا اور خشکی کا کرنا اور سر اور
بدنکی بال منڈانا اور سر اور داڑہی خطمی سی دہونا اور ناخن اور مونچہین کترنا اور موزہ پہننا اور پگڑی
باندہنا اور سیا ہوی کپڑی پہننا اور خوشبو لگانا پس زیادہ تفصیل بڑی کتابون مین دیکہہ لی جسکو حاجت ہو

کتاب التقوی

اسلام کی ارکان کی بعد یعنی نماز روزہ حج و زکوۃ کی مسائل جاننی کی بعد حرام اور مکروہ اور شبہی کی
چیزون کو دریافت کرنی اور اونسی بچنا بہت ہی اسلام مین ضروری ہی ف کیونکہ بدون جاننی